


ناروے آنا

# Arrivando in Norvegia

Aamiina
Julie Cornelia van Walsum
Yasir Tayyab
5
اردو ur / Italiano it




میں اور میرے دو بھائی دسمبر 2016 میں ناروے آئے۔ ہم نے گرمیوں کے کپڑے پہنے ہوئے تھے کیونکہ ہمیں لگتا تھا کہ ناروے میں اتنی ہی گرمی ہوگی جتنی صومالیہ میں تھی۔ تاہم، جب ہم ایئرپورٹ پر پہنچے تو برفباری ہو رہی تھی۔ ہمیں سردی لگ رہی تھی اور موسم بہت ٹھنڈا تھا۔ اگرچہ ہم چند سوٹ کیس لے کر آئے تھے لیکن ان میں صرف گرمیوں کے کپڑے تھے۔

• • •

I miei due fratelli ed io siamo arrivati in Norvegia nel dicembre del 2016. Indossavamo abiti estivi perché pensavamo che in Norvegia avrebbe fatto caldo come in Somalia. Ma quando arrivammo in aeroporto stava nevicando. Avevamo freddo, il clima era gelido. Sebbene avessimo portato varie valigie, c’erano solo abiti estivi dentro.



اگرچہ بہت سردی تھی لیکن جب ہم ناروے آئے تو میں بہت خوش تھی۔ میں آخر کار اپنی ماں سے دوبارہ مل سکوں گی، جنہیں میں نے چھ سال سے نہیں دیکھا تھا۔ میری ماں اور ان کی دو سہیلیاں ہم سے ملیں۔ انہیں دیکھ کر ہم خوشی سے رو پڑے۔ ہم اس چھوٹے سے شہر میں چلے گئے جہاں ماں رہتی تھیں۔

• • •

Nonostante il freddo, ero contenta di essere venuta in Norvegia. Avrei finalmente riabbracciato mia madre, che non vedevo da sei anni. Mia mamma e due sue amiche erano venute a prenderci. Quando le abbiamo viste siamo scoppiate a piangere per la gioia. Ci hanno portato nella cittadina dove vive mia madre.



ماں کے شہر میں میرا پہلا دن بہت اجنبی گزرا۔ سردی اور برف باری تھی اور دیکھنے
کے لیے زیادہ چیزیں نہیں تھیں۔ گلیاں بالکل خالی تھیں۔ جن چند لوگوں سے میں ملی
تھی وہ بہت سرد مزاج تھے اور دوستانہ نہیں تھے۔ صومالیہ میں ہر جگہ لوگ ہوتے
تھے، اس لیے یہاں سب کچھ اجنبی محسوس ہوا۔ میری ماں اور ان کی سہیلیوں نے
ہمیں کچھ تحائف دیے، اور پھر وہ ہمیں سردیوں کے کپڑے خریدنے کے لیے اپنے
ساتھ لے گئیں۔

• • •

I primi giorni in quella cittadina sono stati molto strani. Nevicava, faceva freddo e non c’era molto da vedere. Le strade erano completamente vuote. Le poche persone che incontravo sembravano fredde e poco amichevoli. In Somalia c’è gente dappertutto, quindi qui ogni cosa sembrava estranea. Mia madre e le sue amiche ci hanno fatto dei regali, e poi lei ci ha portato ad acquistare vestiti invernali.



کرسمس کی تعطیلات کے بعد، میں نے بالغان کے تعلیمی مرکز میں ناروے کے ایک کورس میں شمولیت اختیار کی۔ ایک روایتی اسکول میں تعلیم شروع کرنے سے پہلے میں نے وہاں دو سال تک تعلیم حاصل کی۔ اب میں اپنے آخری سال میں ہوں اور میں نے بہت سے نئے دوست بنائے ہیں۔ میں بہت دوستانہ ہوں اور دوسرے لوگوں سے مل کر لطف اندوز ہوتی ہوں۔

• • •

Dopo le vacanze di Natale, mi sono iscritta a un corso di norvegese presso un centro scuola per adulti. Ho studiato per due anni lì prima di essere ammessa in una scuola pubblica. Ora sono all’ultimo anno e ho fatto tante nuove amicizie. Sono molto socievole e amo conoscere altra gente.



اسکول کے بعد میں رضاکاروں کے ذریعے چلائے جانے والے سینٹر میں جاتی ہوں جہاں مجھے اپنا ہوم ورک کرنے میں مدد ملتی ہے۔ میں نے سینٹر میں ایک سلائی کورس میں بھی شمولیت اختیار کی ہے۔

• • •

Dopo la scuola vado in un centro gestito da volontari dove mi aiutano a fare i compiti. Lì frequento anche un corso di cucito.



صومالیہ میں، میں کبھی سکول نہیں گئی اور نہ ہی قرآن سکول کے علاوہ کوئی کورس کیا۔ مجھے پڑھنا لکھنا نہیں آتا تھا۔ اب میں نے صومالی اور نارویجن دونوں زبانوں میں لکھنا سیکھ لیا ہے اور بہت سے دوسرے مضامین بھی۔ میں نے محسوس کیا کہ تعلیم کے بغیر میں کچھ بھی نہیں ہوں۔ اب میں باخبر اور خوشی محسوس کرتی ہوں۔

• • •

In Somalia non sono mai andata a scuola né ho fatto corsi eccetto la scuola coranica. Non sapevo leggere né scrivere. Ora ho imparato a scrivere sia in norvegese che in somalo, e molte altre cose. Senza istruzione, sentivo che non ero nessuno. Ora mi sento informata e felice.




اگلے سال میں صحت اور نوجوانوں کی ترقی کے شعبہ میں سیکنڈری اسکول میں داخلہ لوں گی۔ مستقبل میں، میں نوجوان کارکن بننا چاہتی ہوں۔ تعلیم مکمل کرنے کے بعد، میرا خواب مستقل ملازمت حاصل کرنا ہے۔ میں گاڑی چلانا بھی سیکھنا چاہتی ہوں اور اپنا گاڑی چلانے کا لائسنس بھی حاصل کرنا چاہتی ہوں۔

• • •

L’anno prossimo andrò alla scuola secondaria, con indirizzo “sviluppo salute e gioventù”. In futuro voglio diventare operatore giovanile. Quando avrò completato la mia istruzione, sogno di avere un lavoro fisso. Voglio anche imparare a guidare e prendere la patente.



اگر میں صومالیہ میں رہتی تو مجھے لگتا ہے کہ میں اب تک ماں بن چکی ہوتی۔
شاید میرے اب تک بہت سے بچے ہوچکے ہوتے۔ اگر میں صومالیہ میں ہوتی تو
مجھے وہ مواقع نہ ملتے جو مجھے اب ملے ہیں۔ میں ناروے میں رہنا اپنی خوش
قسمتی سمجھتی ہوں۔

• • •

Se fossi rimasta in Somalia, penso che adesso sarei già madre. Forse avrei già diversi figli. In Somalia non avrei tutte le opportunità che ho adesso. Mi sento fortunata a vivere in Norvegia.

# LIDA Stories

lidastories.net

## ناروے آنا

## Arrivando in Norvegia


Aamiina
Julie Cornelia van Walsum
Yasir Tayyab (ur), Andrea Ciasca Marra (it)


CC BY